cfa.vic.gov.au/languages

کیا میں سفر کر سکتا/ سکتی ہوں؟

آگ کے خطرے کے زمانے
(Fire Danger Periods)

آپ آگ کے خطرے کے زمانے (Fire Danger Period) میں سفر کر سکتے ہیں لیکن پہلے موسمی حالات اورآگ لگنے کا خطرہ چیک کرنا یقینی بنائیں:

- ہمیشہ آگ کے خطرے کی ریٹنگز (Fire Danger Ratings) چیک کریں۔
- ممکن ہے آپ جس علاقے کو جا رہے ہوں، وہاں آگ جلانے پر مکمل پابندی (Total Fire Bans) ہو۔
- انتہائی (Extreme) اور تباہ کن (Catastrophic) دنوں میں اپنے ارادے بدلنے پر غور کریں تاکہ آپ ان علاقوں سے بچ سکیں جہاں آگ کا زیادہ خطرہ ہے۔

آپ تازہ ترین اطلاعات حاصل کر سکتے ہیں:

- اپنے موبائل میں Vic Emergency ہاٹ لائن کا نمبر **1800226226** سیو کر لیں۔
- Vic Emergency ایپ ڈاؤن لوڈ کریں۔
- ایپ میں لوکیشن سروسز کو آن کریں اور آپ جن مقامات پر جا رہے ہوں، ان کے لیے واچ زونز بنائیں۔
- جب تک آپ سفر میں ہوں، ABC ریڈیو یا لوکل ریڈیو سنتے رہیں تاکہ آپ کو وارننگز اور ہدایات کا علم رہے۔
- ہنگامی صورتحال کے متعلق تازہ اطلاعات کے لیے کبھی بھی صرف ایک ذریعے پر انحصار نہ کریں۔

آگ لگنے کے زمانے میں سفر کے متعلق آپ کو اور بھی باتیں معلوم ہونا ضروری ہے۔

دوسرے معلوماتی وسائل کے لیے **cfa.vic.gov.au/languages** دیکھیں۔

کارکنوں کے لیے بش فائر سیفٹی

***cfa.vic.gov.au/atrisk** پر ہمارا آن لائن ای لرننگ موڈیول دیکھیں جو گرمیوں میں وکٹوریہ میں سفر کے متعلق مزید معلومات فراہم کرتا ہے۔

*آن لائن ای-لرننگ ماڈیولز صرف انگلش زبان میں ہی دستیاب ہیں۔

مزید معلومات کے لیے کیو آر کوڈ سکین کریں۔

مل کر، ہم آگ سے محفوظ رہ سکتے ہیں۔